امامؑ عادل (ولی امرؑ) کے حقوق

1 تعارف

عن جابر عن ابی جعفرؑ قال : قالت :لاشئی ایحتاج الی النبیؐ و الامامؑ فقال لبقاء العالم علی صلاحه

(بحارالانوارج ۷ص ۷،حقائق الوسائط)

جابر بن عبداللہ انصاری نے حضرت امام محمد باقرؑ سے سوال کیا کہ یا ابن رسولؐ اللہ وہ کیا چیز ہے جس کے لئے نبیؐ وامامؑ کی ضرورت ہے؟ حضرت امام محمد باقرؑ نے فرمایا بقائے عالم کے لئے ضرورت ہے کہ عالم کا نظام قائم ودرست رہے۔

آج ہمارے زمانہ میں سورج ،چاند،ستارے،کہکشائیں اور تمام کائنات حضرت محمد مصطفٰےؐ کے فرزند، بارہویں تاجدار امامت ،امامؑ زمانہ(عجل) کے حکم سے چل رہے ہیں ۔اگر چہ وہ (عجل)انسانوں کی نظروں سے غائب ہیں لیکن بقائے عالم کا سبب ہیں اور اسکے تمام امور کے مختار ہیں۔جیسا کہ ہم آپؑ کی زیارت میں کہتے ہیں کہ سلام ہو آپؑ پر اے ظاہر،سلام ہو آپؑ پر اے غائب، سلام ہو آپؑ پر اے شاہد،سلام ہو آپؑ پر اے وہ جو جس کا ہم ادراک نہیں کر سکتے۔

امام رضاؑ نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل نے اس وقت تک اپنے نبیؐ کو اس دنیا سے نہیں اُٹھایا جب تک لوگوں کے لئے دین مکمل نہ کردیا،اوراس نے آپؐ پر قرآن نازل کیا جس میں ہر چیز کی تفصیل ہے۔پروردگار نے اس میں حلال وحرام،حدودواحکام اور ہر وہ چیز جس کی طرف لوگ محتاج ہیں مکمل طور سے بیان کردی ہے۔امامؑ اللہ کی حلال کی ہوئی چیزوں کوحلال قرار دیتا ہے اوراللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں کوحرام قرار دیتا ہے،اللہ کی حدود کو قائم کرتا ہے اوردین خدا کی حفاظت کرتا ہے،اورکامل دلیل کے ساتھ اچھی نصیحت اور حکمت کے ذریعہ اپنے رب کے راستہ کی طرف دعوت دیتا ہے۔امامؑ اللہ کی مخلوق میں اس کا امانتدار اوراس کے بندوں پراس کی حجت اوراس کی زمین پراس کا خلیفہ ہے۔(معانی الاخبار،۷ص۱۳۷)

1.1 آلِ محمدؐ کے یتیم

عن رسول الله صلے الله علیه واله وسلم انه قال اشد من یتم الیتیم الذی انقطع عن امه و ابیه یتم یتیم انقطع عن امامه ولا یقدر علی الوصول الیه ولا یدری کیف حکمه فیما ابتلی به من شرائع دینه الا فمن کان من شیعتنا عالما بعلومنا وهذا الجاهل بشریعتنا المنقطع عن مشاهدتنا یتیم فی حجره الا فمن هداه و ارشده و علمه شریعتنا کان معنا فی الرفیع الاعلے' (احتجاج طبرسی ص۲،حقائق الوسائط۳۲)

جناب رسالتمآبؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ یتیم جو اپنے والدین کی تربیت سے محروم ہوگیا اُس کی یتیمی اتنی اہم نہیں ہے جتنی یتیمی اس یتیم کی ہے جو اپنے امامؑ کے فیوض و برکات سے محروم ہے اور اپنے امامؑ تک پہنچنے کی قدرت نہیں رکھتا، جسے یہ علم نہیں کہ میں جن

شرعی چیزوں کا مکلّف ہوں ان کے بارے میں میرے امامؑ کا فیصلہ کیا ہے؟ یہ بھی یتیم آل محمدؑ ہے۔ آگاہ رہو! جو شخص ہمارے شیعوں میں سے ہمارے علوم کا عالم ہے۔ یہ ہمارا یتیم اس کی گود میں ہے، جو اس کو ہمارا راستہ دکھائے گا اور ہمارا مرتبہ بتائے گا اور ہماری شریعت سمجھائے گا، وہ ہمارے بلند درجہ میں ہمارے ساتھ ہوگا۔

قال موسی بن جعفرؑ: فقیه واحد ینقذیتیمامن ایتامناالمنقطعین عنا و عن مشاهدتنا بتعلیم ما هو محتاج الیه اشد علی ابلیس من الف عابد لان العابد همه ذات نفسه فقط و هذا همه مع ذات نفسه وذوات عباد الله وامائه لینقذهم من ید ابلیس و مروته فذلك هوافضل عندالله من الف عابد، و الف عابدة۔ (احتجاج طبرسی ص۳، حقائق الوسائط ۳۹)

حضرت امام موسیٰ کاظمؑ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہمارے دین کا جاننے والا ایک ایسا شخص جو ہمارے ان شیعہ یتیموں میں سے جو ہم سے جدا ہیں اور ہماری زیارت سے محروم ہیں، صرف ایک یتیم کی دینی ضرورت کو پورا کرے گا تو وہ ابلیس پر ہزار عابدوں سے زیادہ بارگراں ہے، کیونکہ عابد کی ہمت صرف اپنی ذات کو فائدہ پہچانے کے لئے ہوتی ہے، اور اس عالم کی ہمت اپنی ذات کے علاوہ خدا کے بندوں اور اس کی کنیزوں کو بھی فائدہ پہچانے کے لئے ہوتی ہے کہ ان مردوں اور عورتوں کو ابلیس اور اس کے لشکر کے پھندے سے نکالتا ہے۔ اس لئے یہ عالم خدا کے نزدیک ہزار عابدوں اور ہزار در ہزار عابدہ عورتوں سے افضل ہے۔

(احتجاج طبرسی ص۳، حقائق الوسائط ۳۹)

1.2 آلِ محمدؐ کے یتیم کو کون تعلیم دے

ہم کو ان لوگوں کے بارے میں بہت محتاط ہونا پڑے گا جو کہ تعلیماتِ معصومینؑ کو جاننے کا دعویٰ کرتے ہیں اور ان کے خود ساختہ نتیجہ (فتاویٰ، قیاس) کی بجائے اقوالِ معصومینؑ کو جاننے پر زور دینا ہوگا۔

امام حسنؑ عسکری نے ان لوگوں کی شناخت ایسے نمایاں طریقہ پر فرمائی ہے کہ

و منهم قوم نصاب لا یقدرون علی القدح فینا فیتعلمون بعض علومنا الصحیحة فیتوجهون به عند شیعتنا و ینتقصون بنا عند نصبنا ثم یضیفون الیه اضعافه واضعاف اضعافه من الاکاذیب علینا التی نحن براء منها فیقبله المستسلمون من شیعتنا علی انه من علومنا فضلوا واضلواوهم اضر علی ضعفاء شیعتنا من جیش یزید علیه اللعنة علی الحسین بن علی علیهما السلام و اصحابه، فانهم یسلبونهم الارواح والاموال وهولاء علماء السوء اناصبون المتشبهون بانهم لنا موالون، ولا عدائنا معادون یدخلون الشك و الشبهة علی ضعفاء شیعتنا فیضلونهم و یمنعونهم عن قصد الحق المصیب

(احتجاج طبرسی ص۲۳۶، حقائق الوسائط ۱۰۶)

علماء میں سے ایک ایسا ٹولہ بھی ہے جو ہمارے دوستوں اور موالیوں سے بغض وعناد رکھتا ہے۔ اور یہ ٹولہ اس پر تو قادر نہیں کہ کھلم کھلا

ہمارا نام لے کر ہماری برائی بیان کر سکے، یہ ٹولہ ہمارے کچھ علوم پڑھ لیتا ہے اور ان ہی علوم کی وجہ سے ہمارے شیعوں اور موالیوں کے نزدیک قابل توجہ بن جاتا ہے، اور جب دیکھتا ہے کہ ہمارے کم علم سادہ لوح شیعہ اس ٹولہ کی عزت کرنے لگے ہیں تو پھر یہ ٹولہ ہماری ذواتِ مقدسہ میں عیب ونقص دکھاتا ہے اور ہمارے دوستوں کے دشمنوں کے سامنے ہمارے عیوب بیان کرتا ہے، اور پھر اپنے قیاس واجتہاد سے ان جھوٹے نقائص اور عیوب کو بڑھا کر بیان کرتا ہے حالانکہ ہم ان نقائص وعیوب سے مبرا ہیں۔ ہمارے سادہ لوح کم علم شیعہ یہ سمجھ کر کہ یہ ہمارے علوم بیان کرتا ہے اس کی باتوں میں پھنس جاتے ہیں اور گمراہ ہوجاتے ہیں اور یہ ٹولہ ان بیچاروں کو گمراہ کر لیتا ہے۔ یہ ٹولہ ہمارے کم علم سادہ لوح شیعوں کے لئے لشکر یزید سے بھی زیادہ ضرررساں ہے۔ جس نے حسینؑ بن علیؑ اور ان کے اصحاب پر ظلم کیا تھا، کیونکہ یہ ٹولہ سادہ لوح کم علم شیعوں کی روحِ ایمان بھی سلب کر لیتا ہے اور ان کا مال بھی لوٹ کھسوٹ لیتا ہے، یہی ٹولہ علماء سوء ہے۔ یہی ٹولہ ہمارے موالیوں سے بغض وعناد رکھتا ہے، اور انہیں اپنے دام میں پھنسانے کے لئے یہ کہتا ہے کہ ہم تو اہلبیتؑ سے محبت رکھتے ہیں اور ان کے دشمنوں سے عداوت رکھتے ہیں، یہی ٹولہ بھیس بدل کر کم علم شیعوں کے دلوں میں شک وشبہ داخل کر دیتا ہے (کہ جس کے بعد وہ بیچارے پیچ وتاب میں پھنس کر ہماری عظمت شان پر ایمان ویقین سے محروم ہوجاتے ہیں) اور یہی ٹولہ انہیں گمراہ کر لیتا ہے، اور حق صریح وخالص سے ان بیچاروں کو روک دیتا ہے۔ (احتجاج طبرسی ص ٢٣٦، حقائق الوسائط ١٠٩)

1.3 قلیل جنتی

ابان کا بیان ہے کہ سلیم نے کہا کہ میں نے علیؑ کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ امت تہتر فرقوں میں بٹ جائیگی، بہتر فرقے دوزخ میں داخل ہونگے، ایک فرقہ بہشت میں جائیگا۔ تہتر فرقوں میں سے تیرہ فرقے ہم اہلبیتؑ کی محبت کے دعوٰی دار ہونگے ان میں سے ایک بہشت میں جائیگا، بارہ فرقے دوزخ میں داخل ہونگے۔ (سلیم بن قیس ھلالی ص ٦٠)

اسلئے جو اہلبیتؑ کو ماننے کا دعوٰی کرتے ہیں ان میں سے بہت کم لوگ ثابت قدم رہیں گے اور علماء سوء سے اپنا ایمان بچا پائیں گے۔ یہاں پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا امامؑ زمانہ (عجل) اہلبیتؑ کے ماننے والوں کو علماء سوء کے شر سے نہیں بچائیں گے؟ یقیناً بچائیں گے لیکن صرف ان کو جو آپؑ سے صدق دل سے فریاد کرے گا اور مدد کے لئے پکارے گا۔ اور جو لوگ بدعتوں کی وجہ سے باغی ہوجائے یا مجتہدوں اور پیروں کا غلام بن جائے جنھوں نے دین میں تبدیلیاں کی، اللہ اور اس کے رسولؐ کے حلال کو حرام اور حرام کو حلال کیا، آپؑ نہیں بچائیں گے۔

1.4 لا اکراہ فی الدین

الحسین بن علی عن علی بن ابی طالب علیهما السلام ،قال ان المسلمین قالوالرسولؐ الله لو اکرهت یا رسولؐ الله من قدرت علیه من الناس الی الاسلام لکثر عدونا و قوتنا علےٰ عدونا فقال رسولؐ الله ما کنت لا لقی الله عزوجل ببدعته لم یحدث الی فیها شیئا وما انا من المتکلفین فا نزل الله

تعالی علیه یا محمدؐ لو شاء ربك لا من من فی الارض کلهم جمیعا علی سبیل الالجاء ولاضطرار فی الدنیا کما یومن عندالمعانیة و رویةالیاس فی الاخرةولوفعلت ذلك بهم لم یستحقوا منی ثوابا ولا مدحا ولکنی اریدمنهم ان یومنوامختارین غیر مضطرین یستحقوا منی التراضی والکرامةو دوام الخلودفی جنةالخلدافانت تکره الناس حتی یکونومومنین (احتجاج طبرسی ص۲۰۹،حقائق الوسائط ۳۱۸)

حضرت امام حسینؑ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں نے میرے جد بزرگوار رسولؐ خدا سے عرض کی کہ یا رسولؐ اللہ اگر آپؐ ان لوگوں کو جن پر آپؐ کا اقتدار ہے اسلام لانے پر مجبور کر دیں تو ہماری کثرت ہوجائے گی اور دشمنوں کے مقابلہ میں طاقت بڑھ جائے گی تو رسولؐ خدا نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ میں ایسا نہیں ہوں کہ اپنے خدا کے دربار میں ایسی بدعت لے کر جاؤں کہ جس کی قطعا خدا نے مجھے اجازت نہیں دی ہے، اور میں جبر کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔ پس خداوند عالم نے آنحضرتؐ پر اپنا یہ حکم نازل فرمایا کہ اے محمدؐ اگر تمھارا رب چاہتا تو تمام اہل زمین یقیناً ایمان لے آتے۔ دنیا میں جبر و اضطرار کے طریقہ پر جس طرح آخرت میں عذاب اور مایوسی دیکھ کر ایمان لے آئیں گے۔ آگر میں ایسا کرتا تو یہ لوگ نہ ثواب کے مستحق ہوتے اور نہ مدح وثناء کے۔ اس لئے میں نے ارادہ کیا ہے کہ یہ لوگ با اختیار ہو کر ایمان لائیں مضطر ہو کر ایمان نہ لائیں تا کہ یہ میرے تقرب اور میری کرامت کے مستحق قرار پائیں۔ اور ہمیشہ ہمیشہ جنت الخلد میں رہیں۔ اے رسولؐ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ لوگوں کو مجبور کر کے مومن بناؤ۔ (احتجاج طبرسی ص۲۰۹،حقائق الوسائط ۳۱۸)

1.5 امام زمانہؑ(عجل) کی غیبت میں اہلبیتؑ کے پیروکار

قال علیؑ بن حسینؑ ان اهل زمان غیبته القائلین بامامته والمنتظرین بظهوره افضل اهل کل زمان لان الله تعالی ذکره اعطاهم من العقول والا فهام والمعرفةماصارت به الغیبة عنهم بمنزلة المشاهدة، و جعلهم فی ذلك الزمان بمنزلته المجاهدین بین یدی رسولؐ الله بالسیف اولئك هم المخلصون حقا و شیعتنا حقا والدعاةالی دین الله سراوجهرا۔ (احتجاج طبرسی ص۱۶۳،حقائق الوسائط ۳۷)

حضرت امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ جو ہمارے زمانہ غیبت کے شیعہ ہیں اور عقیدہ امامت پر قائم ہیں اور امامؑ کے ظہور کے منتظر ہیں وہ ہر زمانہ والوں سے افضل ہیں۔ کیونکہ خداوند عالم نے ان کو ایسی فہم اور معرفت عطاء فرمائی ہے کہ جس کی وجہ سے غیبت بمنزلہ مشاہدہ ہوگئی ہے اور ان کو خدا نے ان مجاہدین کا درجہ عطا کیا ہے جو رسولؐ اللہ کے ساتھ شامل ہو کر مجاہدین کہلاتے تھے۔ یہی ہمارے مخلص دوست اور برحق شیعہ ہیں، اور یہی ہیں جو دین خدا کی دعوت دیتے ہیں، علانیہ طور پر بھی اور چھپ چھپ کر بھی۔ (احتجاج طبرسی ص۱۶۳،حقائق الوسائط ۳۷)

اس تفصیل کے بعد ہم مندرجہ ذیل آرٹیکل پیش کر رہے ہیں جو کہ امام معصومؑ کی ظاہری موجودگی اور حکمرانی سے متعلق ہے۔ امامؑ عادل کی غیر موجودگی میں یہ اسلامی احکامات نافذ العمل نہیں جو کہ تفصیل سے بعد میں بیان کئے جائیں گے۔

۱) نماز جمعہ، ۲) نماز عید، ۳)حدود وحکم، ۴) جہاد، ۵) خمس

نماز جمعہ

اللہ تعالی نے تمام واجبات کے ساتھ شرائط لگائیں ہیں، اگر وہ شرائط پوری ہوتی ہوں تو وہ واجب ہوتی ہیں۔ امیر المومنینؑ نے ارشاد فرمایا کہ لا الہ الا اللہ، دین کی شرائط میں سے ایک شرط ہے اور میں اور میری ذریت ان شرائط میں سے ایک شرط ہے۔ (نہج الاسرار، ج ۱، ص ۴۱۲)

تمام مسلمان نماز جمعہ کو سورہ جمعہ کی وجہ سے واجب جانتے ہیں اور آنحضرتؐ کی کئی احادیث کی روشنی میں روز جمعہ کو خاص دن تصور کرتے ہیں۔ امامؑ اور اولامر کا خطبہ بھی دو رکعت نماز جمعہ کا لازمی جزو سمجھا جاتا ہے۔ سنی کسی بھی مسلمان/ غیر مسلمان حکمران کو اولامر مانتے ہیں، لیکن شیعہ صرف اللہ کے نامزد کئے ہوئے نبیؐ یا امامؑ کو اولامر مانتے ہیں، اسلئے سنی نماز جمعہ کو واجب، جبکہ شیعہ امام زمانہؑ (عجل) کی غیبت کبریٰ میں اس کو واجب نہیں کہہ سکتے۔ البتہ آج کل لوگوں سے مسلسل رابطہ کی خواہش اور متعدد دوسری وجوہات نے ایک نئی اصطلاح ایجاد کی ہے جس کو واجب تخیری کا نام دیا گیا ہے۔ یہ نئی اصطلاح اقوال معصومینؑ میں کہیں نہیں ملتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ نمار جمعہ واجب نہیں لیکن واجب کے قریب ترین ہے، جیسا کہ خودساختہ امام اور نائب امام، شیعوں پر مکمل حجت نہیں بلکہ حجت کے قریب ترین ہیں۔ یہ بہت سے اصولی شیعہ سکالرز اور ان کے پیروکاروں کی عام سوچ ہے۔ یقیناً کچھ شیعہ سکالرز ایسے بھی ہیں جو امام زمانہؑ (عجل) کی غیبت کبریٰ میں نماز جمعہ کو حرام جانتے ہیں جبکہ کچھ نے تو واجب کے قریب سے مزید آگے بڑھتے ہوئے اس کو واجب قرار دیدیا ہے اور اس کے لئے وہ اپنی امام زمانہؑ (عجل) سے قربت کی کئی تعریفیں کرتے ہیں جیسا کہ ولی فقیہ، ولی امر والمسلمین۔

اس تمام پس منظر کو سامنے رکھتے ہوئے ہم اس خودساختہ واجب کے خلاف نماز جمعہ کے بارے میں اقوال معصومینؑ کی روشنی میں جائزہ پیش کرتے ہیں اور امام زمانہؑ (عجل) کی غیبت کبریٰ میں نماز جمعہ کے واجب ہونے یا نہ ہونے پر بات کرتے ہیں۔

ہم نے شیعہ کی نماز جمعہ پڑھنے کی ابتدا خاص طور پر امام زمانہؑ (عجل) کی غیبت کبریٰ میں پہلی دفعہ پڑھی جانے کی تاریخی شہادت بھی پیش کی ہے جیسا کہ D. Newman اور J.R. Cole نے تحریر کیا ہے۔ سب سے پہلا شیعہ نماز جمعہ کا اجتماع، تاریخ میں ایران میں 1634 میں صفوی حکومت میں ہوا اور انڈیا میں 1786 میں ہوا۔ اور پھر یہ بدعت شہر، شہر، گاؤں گاؤں پھیلی اور 1950 کی دہائی کے آخر میں لاہور آئی۔

سورہ جمعہ اوراسکی تفسیر

بسم الله الرحمن الرحيم

1)يسبح لله ما فی السموات و ما فی الارض الملك القدوس العزيزالحكيم

آسمانوں میں جو کچھ ہے اورزمین میں جو کچھ ہے وہ اس اللہ کی تسبیح کرتا رہتا ہے جو بادشاہ ہے پاک ہے زبردست ہے حکمت والا ہے۔

2)هو الذی بعث فی الامين رسولا منهم يتلو اعليهم ايته و يزكيهم و يعلمهم الكتب و الحكمة و ان كانوامن قبل لفی ضلل مبين

وہ وہی ہے جس نے مکہ کے رہنے والوں میں ایک رسولؐ ان ہی میں سے مبعوث فرمایا جوان کوخدا کی آیتیں پڑھ کرسناتا ہےاوران کے (ظاہروباطن) کوپاک کرتاہےاوران کوقران اورشریعت کی تعلیم دیتاہے،گواس سے پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے۔

3)واخرين منهم لما يلحقو ابهم وهوالعزيزالحكيم

اورانہی میں سے دوسروں کے لئے بھی جوان سے ابھی نہیں ملے ہیں اوروہ زبردست حکمت والا ہے۔

4)ذلك فضل الله يوتيه من يشاء والله ذوالفضل العظيم

یہ تواللہ کافضل ہے کہ جسے چاہتاہےعنایت فرماتا ہے۔

5)مثل الذين حملواالتورة ثم لم يحملوها كمثل الحمار يحمل اسفارا بئس مثل القوم الذين كذبو اباية الله والله لا يهدی القوم الظلمين

ان لوگوں کی مثال جن پرتوریت کابارڈالا گیا تھا پھرانھوں نے اسکا بار نہ اٹھایا،اس گدھے کی مثال ہے جوکتابیں اٹھائے ہوئے ہو،ان لوگوں کی حالت جنھوں نے اللہ کی آیتوں کوجھٹلایا ہوکیا ہی بری ہےاوراللہ نافرمان لوگوں کی ھدایت نہیں فرماتا۔

6)قل يا ايها الذين هادوا ان زعمتم انكم اولياء لله من دون الناس فتمنو الموت ان كنتم صدقين

تم یہ کہہ دوکہ اے وہ لوگوں! جو یہودی ہوگئے ہواگرتم یہ گمان کرتے ہوکہ تم ہی خدا کے دوست ہونہ اورلوگ تواگرتم (اپنے اس گمان میں) سچے ہوتوموت کی آرزوکرو۔

7)ولا يتمنونه ابدابما قد مت ايديهم والله عليم بالظلمين

اورجواعمال انکے ہاتھ پہلے کرچکے انکی وجہ سے یہ موت کی تمنا کبھی نہ کرینگے،اوراللہ ان ظالموں سے خوب واقف ہے۔

8)قل ان الموت الذی تفرون منه فانه ملقيكم ثم تردون الی علم الغيب و الشهادة فينبئكم بماكنتم تعملون

تم یہ کہہ دو کہ وہی موت جس سے تم بھاگتے ہو تم سے ضرور ملاقات کرنیوالی ہے، پھر تم کھلی اور چھپی کے جاننے والی کے حضور میں پیش کیے جاؤ گے پھر جو عمل تم کیا کرتے تھے اس سے وہ تم کو آگاہ کر دیگا۔

9)یا ایھا الذین امنو اذا نودی للصلوة من یوم الجمعة فاسعوا الی ذکرالله و ذرواالبیع ذلکم خیر لکم ان کنتم تعلمون

اے ایمان لانے والوں! جب تم کو جمعہ کے دن نماز کے لئے پکارا جائے تو تم خدا کی یاد کی طرف دوڑ پڑو اور لین دین چھوڑ دو، اگر تم علم رکھتے ہو تو یہ تمھارے لئے سب سے بہتر ہے۔

10)فاذا قضیت الصلواة فانتشروافی الارض واتبغوامن فضل الله واذکروالله کثیرا لعلکم تفلحون

پھر جب نماز ختم ہو جائے تو تم زمین میں پھیل جاؤ اور خدا کے فضل کے خواستگار رہو اور اللہ کو زیادہ یاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

11)و اذا راواتجارة اولھوا انفضوا الیھا وترکوک قائما قل ما عندالله خیر من اللھوومن التجارةوالله خیر الرازقین

اور انھوں نے جب کوئی سوداگری یا کھیل کود کی بات دیکھی تو (وہ نیت توڑ کر) اسکی طرف دوڑتے چلے گئے اور تم کو (نماز پڑھتے) کھڑا چھوڑ گئے، تم یہ کہہ دو کہ جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ اس کھیل کود اور اس سوداگری سے بہت بہتر ہے۔ اور اللہ سب رزق دینے والوں سے بہتر ہے۔

سورہ جمعہ پر امام محمدؑ باقر کی حدیث

روی عن جابر الجعفی قال: کنت لیلة من بعض اللیالی عند ابی جعفرؑ فقرات ھذہ الایة (یا ایھا الذین امنو اذا نودی للصلوة من یوم الجمعة فاسعوا الی ذکرالله) قال: فقال: مه یا جابر کیف قرات؟ قال: قلت: (یا ایھا الذین امنو اذا نودی للصلوة من یوم الجمعة فاسعوا الی ذکرالله)قال: ھذاتحریف یا جابر، قال: قلت: کیف اقرء جعلنی الله فداك؟قال:فقال:(یا ایھا الذین امنو اذا نودی للصلوة من یوم الجمعة فامضوا الی ذکرالله) ھکذا نزلت یا جابر، لو کان سعیالکان عدوا مما کرھه رسولؐ الله لقد کان یکرہ ان یعدو الرجل الی الصلاة۔ یا جابر لم سمی یوم الجمعةیوم الجمعة؟ قال: قلت: تخبرنی جعلنی الله فداك، قال: افلا اخبرك بتاویله الاعظم؟ قال:قلت: بلی جعلنی الله فداك، فقال: یا جابر سمی الله الجمعة جمعة لان الله عزوجل جمع فی ذلك الیوم الاولین و الاخرین، و جمیع ما خلق الله من الجن و الانس، و کل شی خلق ربنا، و السموات و الارضین و البحار، والجنة و النار، و کل شی خلق الله فی المیثاق فاخذ المیثاق منھم له بالربوبیة، ولمحمدؐ بالنبوة، و لعلیؑ

بـالـولايتة، و فی ذلك اليوم قال الله للسموات و الارض (ائتيـا طـوعـا او كرها قالتا اتينا طائعين).
فسمـی الـلـه ذلك اليوم الجمعة لجمعه فيه الاولين والاخرين ثم قال عزوجل (يـا ايها الذين امنو اذا نـودی لـلصلوة من يوم الجمعة) مـن يـومـكـم هـذا الذی جمعكم فيه، والصلاة امير المومنين ، يعنی بـالـصـلاـة الـولاية، و هـی الولاية الكبری، ففی ذلك اليوم اتت الرسل والانبياء والملائكة و كل شی خـلـق الـلـه، والثـقـلان الـجـن و الانـس، والسماوات و الارضون، و المومنون بالتلبية لله عزوجل (فـامضوا الی ذكر الله)و ذكـر الله امير المومنين (وذروا البيع) يعنی الاول (ذلكم)يعنی بيعة امير المومنين وولاية (خير لكم) من بيعة الاول وولايته (ان كنتم تعلمون) (فاذا قضيت الصلاة)يعنی بيعة امير المومنينؑ (فانتشروا فی الارض)يعنی بالارض الاوصياء، امر الله بطاعتهم وولايتهم كما امر بطاعة الرسولؐ و طاعة امير المومنينؑ، كنی الله فی ذلك عن اسمائهم فسماهم بالارض. (وابتغوا فضل الله)قال جابر: (وابتغوا من فضل الله)، قـالؑ: تـحريف، هكذا انزلت و ابتغوا فضل الله علی الاوصياء (و اذكروا الله كثيرا لعلكم تفلحون). ثم خاطب الله عزوجل فی ذلك الموقف محمدا فقال يا محمد (اذا راوا) الشكاك و الجاحدون (تجارة)يعنی الاول (اولهوا)يعنی الثانی (انصرفوا اليها) قال: قلت: (انفضوا اليها) قال: تـحريف، هكذا نزلت (وتركوك) مع علی (قائما)(قل) يا محمد (ما عند الله)من ولاية علی و الاوصياء(خيـر من الهو ومن التجارة)يعنی بيعة الاول و الثانی (للذين اتقوا)قال: قلت: ليس فيها (للذين اتقوا)قـال: فقال: بلی هكذا نزلت، و انتم هم الذين اتقوا (والله خير الرازقين)

جابرالجعفی نے کہا کہ ایک رات میں امام محمدؑ باقر کے ساتھ تھا۔ وہ یہ آیت تلاوت فرمارہے تھے (يـا ايها الذين امنو اذا نودی لـلـصـلاـة من يوم الجمعة فاسعوا الی ذكرالله) پھر آپؑ نے فرمایا کہ اے جابر تم اس آیت کو کس طرح پڑھتے ہو، میں نے کہا کہ اس طرح (يـا ايها الـذيـن امـنو اذا نودی للصلاة من يوم الجمعة فاسعوا الی ذكرالله)، امامؑ نے جواب دیا کہ اے جابر اس آیت میں تحریف کی گئی ہے، پھر میں نے کہا کہ مولاؑ میں آپؑ پر قربان آپؑ ہی فرمائیں کہ اسے کس طرح پڑھوں، آپؑ نے فرمایا کہ اس طرح (يـا ايهـا الـذيـن امـنـو اذا نـودی للصلاة من يوم الجمعة فـامضوا الی ذكـرالـلـه)۔ اے جابر آیت اس طرح نازل ہوئی تھی، پیغمبر اکرم حضرت محمدؐ اس شخص کو ناپسند کرتے تھے جو بھاگ کر نماز کی طرف جائے جیسا کہ کوئی اپنے دشمن کے پیچھے بھاگتا ہے۔ (کئی احادیث میں معصومینؑ نے مسجد کی طرف، آہستہ اور وقار کے ساتھ جانے کا حکم دیا ہے۔) امامؑ نے پھر پوچھا کہ اے جابر کیا تم جانتے ہو کہ جمعہ کا نام جمعہ کیوں رکھا گیا، میں نے جواب دیا کہ مولاؑ میں آپؑ پر قربان براہ کرم ارشاد فرمائیں، امامؑ نے فرمایا کہ اے جابر میں تم پر اس دن کے خزانے اور راز آشکار کرتا ہوں۔ اللہ نے

جمعہ کا نام جمعہ اس لئے رکھا کہ اللہ نے اس دن اپنی تمام مخلوق کو جمع کر کے اپنی ربوبیت اور حضرت محمد مصطفےٰ اور آپؐ کے وصی حضرت علیؑ کی ولایت کا سب سے اقرار لیا۔ اول اور آخری مخلوق کے اس دن کے اجتماع کو اللہ نے جمعہ کا نام دیا اور پھر کہا (یا ایھا الذین امنو اذا نودی للصلاۃ من یوم الجمعۃ)، اس دن اللہ نے سب کو حکم دیا کہ وہ نماز امیر المومنینؑ (نماز ولایت)، جو کہ سب سے بڑی ولایت ہے ادا کریں۔ اس دن تمام انبیاء وملائکہ اور ہر اس چیز کو جس کو اللہ نے خلق کیا ہے، حکم دیا کہ (فامضوا الی ذکراللہ) اور (و ذروا البیع) کا مطلب ہے کہ امیر المومنینؑ کی ولایت یاد کرو۔ اور امیر المومنینؑ کی بیعت کرو، اور (خیر لکم) کا مطلب ہے کہ یہ امیر المومنینؑ کی بیعت پہلے (ابوبکر لعنتی) کی بیعت سے بہتر ہے۔ (فاذا قضیت الصلاۃ) کا مطلب ہے کہ اطاعت امیر المومنینؑ کا عہد کرو۔ (فانتشروا فی الارض) کا مطلب ہے کہ آپؐ اور آپؐ کی طاہر اولاد کی اطاعت کرو جو کہ اللہ کا امر ہیں۔ اور حکم دیا کہ انؑ کے وسیلہ سے اللہ کی رحمت طلب کرو۔ امامؑ نے فرمایا کہ جابر اس آیت (وابتغوا فضل اللہ) میں تحریف کر دی گئی ہے، یہ (وابتغوا من فضل اللہ) تھی۔ پھر اللہ حضرت محمد مصطفےٰ سے مخاطب ہوا اور فرمایا کہ اے محمدؐ ان سے کہہ دو (اذا راوا) مشکوک اور نافرمان (تجارۃ) اشارہ ہے ابوبکر لعنتی کی طرف، (اولھوا) اور عمر لعنتی، جنھوں نے اللہ کو رد کر دیا۔ اللہ نے فرمایا کہ (انصرفوا الیھا) امامؑ نے فرمایا کہ اس آیت میں بھی تحریف ہوئی ہے، (و ترکوک) اور وہ آپؐ کو اور علیؑ کو کھڑا چھوڑ گئے، جس پر اللہ نے فرمایا کہ اے محمدؐ کہو (قائما) اللہ علیؑ اور آپؐ کی طاہر اولاد کی ولایت کے ساتھ ہے۔ (خیر من اللھو و من التجارۃ) سے اللہ کا مطلب ہے کہ علیؑ کی ولایت کا اقرار، ابوبکر اور عمر (لعنتیوں) کی بیعت سے بہتر ہے۔ میں نے پوچھا کہ جو ان سے اجتناب کریں ان کے لئے کوئی رعایت ہے تو امامؑ نے جواب دیا کہ یہ آیت اس طرح نازل ہوئی تھی (للذین اتقوا) اور جنھوں نے اجتناب کیا، اور اللہ بہترین اجر دینے والا ہے۔ (بحار الانوار، ج ۲۴، ص ۳۹۹۔ ج ۸۶، ص ۲۷۷۔ ج ۸۹، ص ۶۳۔ فقہ القرآن، ج ۱، ص ۱۳۱، غایۃ المرام، ج ۴، ص ۲۳۱۔ مرکز المصطفےٰ، ص ۱۲۸۔)

قرآن میں تحریف کی مزید معلومات اور ثبوت کے لئے آرٹیکل "قرآن مجید کے بارے میں شیعہ عقائد" پڑھیں۔

http://www.hubeali.com/articles/True-Shia-Beliefs-in-Quran-Majeed.pdf

تفسیر سورہ جمعہ

الکافی میں امام محمد باقرؑ سے روایت ہے کہ روز جمعہ کا نام جمعہ اس لئے رکھا گیا کہ خدا نے اپنی تمام مخلوق کو اسی دن میں جمع کر کے جناب محمد مصطفےٰ اور ان کے وصی علیؑ مرتضی کی ولایت کا سب سے عہد لیا۔ نیز اسی کتاب میں انہی حضرتؑ سے منقول ہے کہ خدائے تعالی نے جمعہ سے جمعہ تک لوگوں کے ذمے 35 نمازیں واجب فرمائیں ہیں۔ (قران، مقبول احمد، تفسیر سورہ جمعہ ، ص ۲۶۳) اس کا مطلب ہے کہ ظہر کی نماز جمعہ سے بدل جائے گی (امامؑ برحق کی موجودگی میں، آگے مزید تفصیل پیش کرینگے)۔

62:11 تفسیر قمی میں ہے کہ جناب رسولؐ خدا جمعہ کے دن لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے کہ ایک قافلہ غلہ لئے ہوئے آیا اور اس کے آگے آگے تاشے اور ڈھول بج رہے تھے، بس لوگ نماز چھوڑ کر تماشہ دیکھنے چلے گئے اس پر خدائے تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی

۔(ضمیمہ،مقبول احمد،ص ۱۰۸۲)

وجوب جمعہ کی شرط (امامؑ عادل)

1)عن جعفرؑ بن محمدؑ انه قال: لا جمعة الا مع امام عدل تقيي (بحارالانوار ج۸٦،ص۲۵۵، مستدرک الوسائل ج٦،ص۱۳)

امام جعفرؑ بن محمدؑ نے فرمایا کہ جمعہ امامؑ عادل اور تقی کے بغیر نہیں ہوتا۔

2) و عن علیؑ انه قال: لا يصلح الحكم ولا حدود ولا الجمعة الا بامام عدل (بحارالانوار ج۸٦، ص۲۵٦، مستدرک الوسائل ج٦،ص۱۴)

امام علیؑ نے فرمایا کہ حکم، حدود اور جمعہ امام عادل کے بغیر اصلاح (جاری نہیں ہوتے) نہیں پاتا۔

3) عن رسول اللهؐ فی حديث المعراج قال : اوحى الله اليه: هل تدرى ما الدرجات؟ قلت: انت اعلم يا سيدى، قال: اسباغ الوضوء فى المكروهات، والمشى على الاقدام ، الى الجمعات، معك و مع الائمةمن ولدك، وانتظار الصلاة بعد الصلاة (بحارالانوار ج۸٦،ص۲۵٦، مستدرک الوسائل ج٦،ص۱۴)

حدیث معراج میں رسولؐ اللہ سے روایت ہے کہ اللہ نے مجھؐ سے پوچھا کہ کیا تمھیں معلوم ہے کہ وہ کون سی چیزیں ہیں جو کسی کے درجات بڑھاتی ہیں، میں نے جواب دیا میرے مالک تو بہتر جانتا ہے، اللہ نے جواب دیا، صحیح طریقہ سے وضو کرنا، مشکل ترین حالات میں بھی، نماز جمعہ کو پیدل اپنی اولاد کے ساتھ جانا اور نماز کے بعد نماز کا انتظار کرنا۔

4) و عن ابى جعفرؑ محمدؑ بن علیؑ انه قال: تجب الجمعة على من كان منها على فرسخين اذا كان الامام عدلا (بحارالانوار ج۸٦،ص۲۵٦، مستدرک الوسائل ج٦،ص۱۴)

امام ابی جعفرؑ محمدؑ بن علیؑ نے فرمایا کہ جو امامؑ عادل سے دو فرسخ کے فاصلہ کے اندر ہے اس پر جمعہ ادا کرنا واجب ہے۔

5)و عن ابى جعفرؑانه قال:صلاة الجمعة فريضة و الا جتماع اليها مع الامام العدل فريضة، فمن ترك ثلاث جمع على هذا، فقد ترك ثلاث فرائض من غير علة و لا عذر الا منافق (بحارالانوار ج۸٦، ص۲۵٦، مستدرک الوسائل ج٦،ص۱۴)

امام ابی جعفرؑ (امام محمدؑ باقر) نے فرمایا کہ نماز جمعہ امامؑ عادل کے ساتھ واجب ہے، بغیر کسی بیماری یا شرعی عذر کے مسلسل تین جمعہ ترک کرنا تین واجبات کا ترک کرنا ہے، اور ایسا صرف منافق کرے گا۔

6) و عن جعفرؑانه قال:اتى رسول اللهؐ بخمس و ثلاثين صلاة فى كل سبعة ايام ،منها صلاة لا يسع احدا ان يتخلف عنها الا خمسة: المرء ة والصبى والمسافر و المريض و المملوك يعنى صلاة الجمعة

مع الامام العدل (مستدرک الوسائل ج ٦، ص ٨)

امام جعفرؑ نے فرمایا کہ رسول اللہؐ سات دنوں میں پینتیس نمازیں لے کر آئے، جو سب کو ادا کرنی ہیں سوائے مندرجہ ذیل پانچ کے، عورت، بچہ، مسافر، مریض اور غلام تاہم نماز جمعہ صرف امام عادل کے ساتھ ہے۔

اگر کوئی شخص جان بوجھ کر ایسا فعل (واجب) ادا کرے جس کی شرائط پوری نہ ہوتی ہوں تو وہ فعل حرام ہوگا۔

امامؑ عادل کون

یا ایها الذین امنو ا اتقوا الله و امنوا برسوله یو تکم کفلین من رحمته و یجعل لکم نورا تمشون به و یغفر لکم والله غفور رحیم (سورہ الحدید، آیت ۲۸)

اے ایمان لانیوالو! اللہ سے ڈرو اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ کہ وہ اپنی رحمت کا دوہرا حصہ تم کو دے اور تمھارے لئے ایسا نور قرار دے جسکے ذریعے سے تم چلو اور تمھارے گناہ بخش دے اور اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

عن ابی جعفرؑ فی قوله عزوجل: "یو تکم کفلین من رحمته" قال: الحسنؑ و الحسینؑ "و یجعل لکم نورا تمشون به" قال: امام عدل تائمون به و هو علیؑ بن ابی طالب (تاویل الایت ص ٦۴٣)

امام محمدؑ باقر نے مندرجہ بالا آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ "وہ اپنی رحمت کا دوہرا حصہ تم کو دے" سے مراد الحسنؑ اور الحسینؑ ہیں اور "ایسا نور قرار دے جسکے ذریعے سے تم چلو" سے مراد امامؑ عادل ہے جسکی اتباع کرو جو کہ علیؑ بن ابی طالب ہیں۔

لیلة القدر خیر من الف شهر (سورہ القدر، آیت ٣)

شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

عن ابی عبداللهؑ قال: قوله عزوجل: "خیر من الف شهر" هو سلطان بنی امیة، و قال: لیلة من امام عدل خیر من الف شهر من ملك بنی امیة (تاویل الایت ص ۷۹۱)

مندرجہ بالا آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے ابی عبداللہؑ نے فرمایا کہ "خیر من الف شهر" بنی امیہ کی حکومت کے ہزار مہینوں کی طرف اشارہ ہے جس سے مراد ہے کہ امامؑ عادل کی ایک رات بنی امیہ کی حکومت کے ہزار مہینوں سے یقیناً بہتر ہے۔

الله ولی الذین امنو یخرجهم من الظلمات الی النور (سورہ البقرہ، آیت ۲۵۷)

جو لوگ ایمان لائے اللہ ان کا حامی ہے، انکو تاریکیوں سے نور کی طرف نکال لاتا ہے۔

قلت لابی عبداللهؑ لقول الله: "الله ولی الذین امنو یخرجهم من الظلمات الی النور" یخرجهم من ظلمات الذنوب الی نور التوبة و المغفرة لو لایتهم کل امام عادل من الله (تفسیر عیاشی، ص ١٣٨)

امام ابی عبداللہؑ سے اس آیت کے بارے میں پوچھا گیا "الله ولی الذین امنو یخرجهم من الظلمات الی النور" امامؑ

نے جواب دیا کہ اللہ انھیں گناہوں کے اندھیروں سے توبہ کی روشنی اور مغفرت کی طرف، اللہ کے امامؑ عادل کی ولایت کو قبول کرنے کی وجہ سے نکالتا ہے۔

و جعلنا منهم ائمة يهدون بامرنا لما صبروا و كانوا باياتنا يوقنون (سورہ السجدہ، آیت ۲۴)

اور چونکہ انہوں نے صبر کیا تھا اور ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے، ہم نے بھی ان میں سے ایسے امامؑ مقرر کیے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے۔

جعفرؑ بن محمدؑ عن ابيه قال الائمة فى كتاب الله امامان امام عدل و امام جور قال الله " و جعلنا منهم ائمة يهدون بامرنا " (تفسیر قمی، ج۲، ص۱۷۰)

امام جعفرؑ بن محمدؑ نے اپنے بابا سے روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ اپنی کتاب میں امامؑ عادل اور امام باطل کی طرف اشارہ فرماتا ہے اور امامؑ عادل کے لئے اللہ فرماتا ہے "ہم نے بھی ان میں سے ایسے امامؑ مقرر کیے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے"۔

و اقيموا الوزن بالقسط و لا تخسر و ا الميزان (سورہ رحمٰن، ۵۵:۹)

اور انصاف سے وزن کو ٹھیک (ٹھیک) جانچو اور میزان کو نقصان نہ پہنچاؤ۔

"و اقيموا الوزن بالقسط" قال: اقيموا الامام العدل (تفسیر قمی، ج۲، ص۳۴۳)

آیت کی تفسیر بیان فرماتے ہوئے امامؑ نے فرمایا کہ قائم کرو (اعمال) امامؑ عادل کے ساتھ۔

نماز جمعہ کی تاریخی حقیقت

ہم ابتدائی شیعہ ازم پر غیر جانبدار مورخ اور محقق کی تحقیق آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔

دی ڈیوائن گائیڈ ان ارلی شیعہ ازم (The Divine Guide in Early Shiism) سے اقتباس:

جہاں تک اعمال (فروع) کا تعلق ہے، بہت کم امامیہ قوانین سنی مکتبِ فکر سے ملتے ہیں۔ لیکن یہ فرق اور زیادہ واضح اس وقت ہوتا ہے جب ہم عبادات سے متعلق احکامات اور فرائض کو دیکھتے ہیں کیونکہ امامیہ مکتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے سکالرز بھی آپس میں چند معملات میں اختلاف رکھتے ہیں۔ ہم عبادات سے متعلق فرائض سے آغاز کرتے ہیں جو کہ نماز (جماعت اور فراد)، روزہ، زکوٰۃ، حج، جہاد اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہیں۔

اگر ہم آغا بزرگ کی کتاب الداہریہ جو کہ شیعیت کی مستند اور ضخیم کتاب جانی جاتی ہے کو پڑھیں تو اس میں دو اعمال، نماز جماعت اور جہاد پر شدید بحث کی گئی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ان دونوں اعمال کو بجالانے کے لئے ایک راہنما یا رہبر کی ضرورت ہے۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ مذہب امامیہ میں یہ راہنما صرف امام معصومؑ ہوسکتا ہے یا وہ جس کو امام معصومؑ نامزد کرے۔ ابتدا میں عیدین (عید الفطر اور عید الضحیٰ) کی نماز جماعت بغیر امام معصومؑ یا اس کے نمائندہ کے ادا نہیں کی جاسکتی تھی۔ جبکہ دوسری طرف، چونکہ امام

ؑ زمانہ کی غیبت ہے نماز جمعہ ادانہیں کی جاسکتی اور کم از کم یہ امام ؑ زمانہ کے ظہور تک معطل ہے۔

یہ صورتحال اسی طرح رہی یہاں تک کہ صفوی دور حکومت آیا، اور سینکڑوں کتب اور دستاویز نماز جمعہ کو جائز قرار دینے کے لئے لکھی گئیں۔ ان کتب کو صفویوں کی مذہبی سیاست سے منسلک کیا جاتا ہے، خاص طور پر ان کے سلطنت عثمانیہ کی طرز پر اسلامی مرکز بنانے کے ساتھ امامیہ مکتب فکر کو قائم کرنے کی تھی۔

جب جہاد کی بات آتی ہے تو ہم یہی طرز فکر اس میں بھی دیکھتے ہیں۔ صفوی حکومت کے آتے ہی امام ؑ زمانہ کی غیبت میں جہاد کو جائز یا ناجائز قرار دینے پر کام کیا گیا۔ اور آخر اس کا حل مشترکہ مصالحت سے یہ طے پایا کہ دو طرح کے جہاد ہیں، جارحانہ جہاد غیبت امام ؑ میں معطل ہے جبکہ دفاعی جہاد بیرونی جارحیت پر جائز ہے۔ صفوی حکومت اور اس کے بعد کے دور میں یہ سوال اسی طرح زیر بحث رہا یہاں تک کہ ایران کے رہنما آغا خمینی نے جارحانہ جہاد کیا۔

روٹس آف نارتھ انڈین شیعہ ازم (Roots of North Indian Shiism) سے اقتباس:

مورخ جے آر کول نے لکھا ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں اٹھارویں صدی کے آخر تک نماز جمعہ ادا نہیں کی جاتی تھی۔ سب سے پہلی نماز جمعہ 1786 میں ادا کی گئی جس نے انڈیا میں ایک بحران پیدا کر دیا۔ 1786 سے پہلے شیعہ بغیر کسی مذہبی اختلاف کے صرف ایام عزاء مناتے تھے۔ سب سے پہلا تنازعہ اس وقت ہوا جب حسن رضا خان کے گھر نماز جمعہ ادا کی گئی۔ اس نے شیعہ اور سنی صوفیوں جو کہ غیر اسلامی حکومت میں نماز جمعہ جائز نہیں سمجھتے تھے کے درمیان تنازعہ کھڑا کر دیا۔ اُصولی نماز پڑھانے والے کی تعیناتی بہت اہم ثابت ہوئی جس نے انتشار پیدا کر دیا کیونکہ اس کے پیچھے نماز پڑھنے کا مطلب ہے کہ اس کی روحانی حکمرانی کو تسلیم کر لیا گیا ہے۔ صوفی جمعہ کو اسی ہال میں جہاں شیعہ نماز جمعہ پڑھتے تھے، ناچ گانے کے ساتھ ریاضت کیا کرتے تھے۔

نیومن (Newman) کے اخباری آرٹیکل سے اقتباس:

اس طرح دوسری صفوی صدی (1040/1634) کے شروع میں اصولی سکالرز ایسی اصطلاحیں استعمال کرنے لگے، جو اجتہاد کر سکے اور زمانہ غیبت میں روزمرہ معاشرتی زندگی میں حدود جاری کر سکے اور نماز جمعہ ادا کر سکے اور زکوٰۃ اور خمس کو اکٹھا اور تقسیم کر سکے۔ دراصل اب تک فقہ کو حکومتی اختیار کے ساتھ ہی دیکھا گیا۔

True Shia Beliefs in Quran Majeed

1. What are Shia Beliefs in Quran?

Twelve Imami Shias today have three views regarding the existing Quran; (1) a minor proportion of them believe that it is in original sequence and the script is promised to be protected and preserved by Allah[swt]; (2) a large number of them, accept it as an unaltered manuscript, but its revelation sequence has been changed and is not in order as descended onto Prophet[saww]; (3) another fraction believe that it has been doctored by the companions of Prophet[saww] during the time of first three Muslim Caliphs and it is neither according to its revelation sequence nor without alterations. However, all three shias groups follow the existing Quran as other Muslims do and are eagerly waiting for the re-appearance of their 12th Imam[sws] – who will reveal its original version as compiled by Amir-ul-Momaneen[sws].

A large number of masomeen[sws]'s traditions clearly demonstrate that the existing Quranic Vulgate (the 'Uthmanic version) was doctored by companions of the Prophet[saww]. However, the first two Shia groups, believe that these traditions are unreliable (Nozubilllah) and rather follow the judgement of prominent Shia scholars of who came after the Ghiabat-e-Qubra era and developed this view. We will analyse this doctrine in the next section but here we present some traditions of Masomeen[sws] that instruct their followers to keep on following the existing Quran until the time of Imam Mehdi[ajafj]'s return.

From the time Abu Bakr returned the Quran, brought to Muslims by Imam Ali[sws] and until the Occultation of Imam Mehdi[ajafj], Masomeen[sws] have, secretly invited their disciples (while applying *taqiyya*) to inform them about the alterations to the Quran but also instructed them to read the Qur'an like everyone else does, and to be satisfied with the official version until the return of 12th Imam[ajafj].[1]

Sulam bin Qais Hilali[2] reports, once Talha[la] asked from Amir-ul-momaneen[sws] what do you say about the Book compiled by Ummer and Uthman? Is it all Quran or does it contains that is other than Quran?. Imam Ali[sws] replied, all what is there is Quran, if you act upon it you will avoid the hell fire and enter into the paradise. It, surely, contains those (verses) which make compulsory our love, our rights and our mastership on people. Upon hearing this Talha[la] said, then this Quran is sufficeint for me, he asked again, what about the Quran which you have, who will inherent it and who will reveal its contents and when? Imam Ali[sws] replied, I will pass it onto Hassan[sws], who will leave it

[1] As quoted by Mohammed Ali Amir-Moezzi, pp. 89, Divine Guide, see orignial ref. . AI-Kulayni, *al-Rawcfa,* vol. 1, pp. 75-79 (a letter of al-B~qir to Sa'd al-Khayyir, who must be Sa'd b. Turayf al-l:Ian+aIf; cf. al-Ardabllf, *Jtimi' al-ruwdt,* vol. 1, pp. 354-55), vol. 1, pp. 3-20 (a letter from Ja'far to his *disciples-a.'f~tibihi),* vol. I, pp. 179-84 (a letter from MOsa to 'Alfb. Suwayd al-Tamm~ al-Sa'l, a disciple of the seventh and eighth imams; cf. al-Kashshf, *Rijdl,* p. 283, al-Naj~hf, *Rijdl,* s.v.; al-TOsi, *Rijdl,* p. 354, num. 16; al-'AII~a al-l:Iillf, *Khuld.'fa,* S.v.; al-Ardabllf,Jdmi' *al-ruwdt,* vol. I, p. 585.

[2] Who companion of Mola Ali sws and has compiled the first Shia book containing traditions.

with Hussain[sws] and then it will remain in Hussain[sws]'s pure progeny until the time of the last 'One'[ajafj], hadith continues…[3]

Hearing a disciple read the Qur'an, (probably according to original verse, after learning from Imam[sws]), Imam Ja'far-e-Sadiq[sws] interrupted him and said: "Stop that reading, and read as [other] people do, until our Resurrector rises up; he will read the Book of God Most High as it should be read, and he will unveil the Volume copied by (Amir-ul-Momaneen[sws]).[4]

Sufyan b. al-Sam said: 'I asked Abu AbdAllah (Imam Jafar-e-Sadiq[sws]) about the revelation of the Qur'an; he[sws] replied by saying 'Read it as you learned to (before you knew of our teaching).[5]

2. Why Shia's have Difference of Opinion about Existing Quran?

As per a large number of traditions of masomeen[sws] well respected shia theologians and narrators of traditions, i.e., al-Saffar al-Qummi, al-Kulaym, al-Nu'mam, continue to report traditions of masomeen[sws] related to the 'Tahreef' of Quran Majeed. However, Ibn BabUye al-shaykh al-Saduq (d. 381/991)[6], who has been considered more 'traditionalist/Akbari' than 'rationalist/Usooli', is apparently the first famous Shia scholar, who not only ignored a large number of masomeen[sws] ' traditions on falsification and alteration of Quran, but also to adopt a position identical to that of the Sunnites: He says, "According to us [Imamites], the Qur'an revealed by God to the Prophet Muhammad[saww] is identical to the one between these two covers *[ma bayna al-daffatayn;* i.e., the official version]. Whoever suggests that the revealed text was larger than the text established here is only a liar."[7], Later on scholars, i.e., Al-Mufid, continued to follow Sheikh Suduk's view point.[8] A brief note on the misconception of Sunnis and Shias related to 'Tahreef' in Quran Majeed in

---

3 Sulam bin Qais Hilali, pp. 101.

4 *"Kuffa 'an Mdhihi I-qira'a iqra' kama yaqra'u I-nas* ["the people," in Imamite terminology, *al-nas* is one of the words to refer to non-Shf'ite Muslims, the "Sunnis"] *~attii yaqumu I-qa'im fa-idha qama I-qa'im qara'a kitab Allah 'azza wa jalla 'alii ~addihi wa akhraja I-mu~~af alladhf katabahu 'A If,"* al-Kulaym, *U~U/,* "kitab fa~l al-Qur'an," bab al-nawadir, vol. 4, pp. 443-44, num. 23 (= 3577).

5 *"Sufyan b. al-Sam{ qata sa'altu* AM *'Abdi'llah 'an tanzfl al-Qur'an qata'qra'u kama 'ullimtum,"* al-Kulaym, *op. cit.,* num. 15 (= 3569); on Sufyan b. alSam~ al-Bajall al-Kuff, see al-Tusf, *Rijal,* p. 213, num. 164; al-Ardabflf, *Jami' al-ruwat,* vol. 1, pp. 336-37. In another tradition that goes back to Ja'far, the Imamites were invited to follow the reading of the Qur'an of Ubayy b. Ka'b (cf. al-Kulaym, *U~U/,* vol. 4, pp. 445-46, num. 27 (= 3581); on Ubayy, the question of differences in reading the Qur'an after 'Uthman's imposition of Zayd b. Thabit's recension and the bibliography that relates to it, see, e.g., R. Blachere, *Le Coran,* Paris, 1947, vol. I, pp. 34,39,54,58,75,92; F. M. Pareja *et al., Islamologie,* pp. 604f.

6 Major Occultation of Imam[ajafj] started in 330.

7 . Ibn Babuye, *Risatat al-i'tiqadat,* English translation by A. A. A. Fyzee, *A Shi'ite Creed,* pp. 86-87.

8 . Sourdel, *L'Imamisme vu par Ie cheikh al-Mufid,* pp. 73-75); Fa~l b. all:lasan al-Tabarsf (548/1154), *Majma' al-bayan,* vol. 1, pp. 15, 30; al-Majlisf *(111O/1699r.11i~ar al-anwar,* vol. 19, pp. 19-20. We have seen how al-shanf al-Ra~(406/1016), a "rationalist" and disciple of al-Muffd, had censured the most telling of 'All's sentences regarding the falsification of the original Qur'an (note 442). Cf. E. Kohlberg, "Some notes. . . ," pp. 214f. (on page 218, note 99, the author cites the traditionalist Md Taqf al-Nun (d. 1320/1905), who accuses Ibn Babuye of denying for the first time the traditions of the imams regarding the falsification of the integral Qur'an by the Sunnites).

presented in Appendix I.

3. Why it is Important to believe in Tahreef in Quran?

(1) First and the foremost, there are many traditions of masomeen[sws] which indicate that the existing Quran has deliberately been altered in order to protect some of their infamous people and their sinful and innovative acts, as well as to obscure the eloquence status and rights of Rasool Allah[saww] and his pure progeny[sws];
(2) The true meanings of some of Quranic Verses cannot be understood, without considering the fact that some words have deliberately been omitted.

Few selected traditions, related to (1) are presented in **Appendix II**. We will discuss (2) here in order to establish the practical implications of believing in alterations in Quran Majeed, prior to presenting masomeen[sws]'s traditions (**Appendix II)**, followed by explanations of Quranic Verses which have been taken completely out of context by many scholars in opposition to 'Tahreef in Quran.

4. Why Quranic Verses that cannot be Explained without Believing in Tahreef?

> ***Those women who are in wedlock (are forbidden) by your Lord but all others are permissible for if you would like to propose to them within your limits of resources and for the sake of hournable relationship rather than an illegitimate association. And pay them the agreed amount when you agree on the temporary marriage 'Mutah'. Yet it will not be held against you, should you come to other terms about it even after what has been stipulated. Goad is Aware, Wise. (Women, 4, Verse 24-25).***

> It is narrated from Imam Jafar-e-Sadiq[sws] that this verse was revealed like this, (Famah Astumtahtum Bahy Minhunnah Ala Aj Musammah…..), meaning that Thus when you carry out 'Mutah' with women for a fixed time[9] than pay them the agreed Maher.[10] It is also narrated from Imam Mohammed Baqir[sws] that upon the expiry of the 'Mutah' term you may extend it by reciting (Asatahlultukay bajalin Akhara), meaning I have made you permissible for myself for another term (which is clearly indicated in following verse (4: 25).[11]

Lets us take another example:

---

[9] إلي أجل a specivid time for) (مسمي

[10] Tafseer-e-Kafi, refers to AlKafi, pp. 106, reference is taken from Syed Imdad Hussain Kazmi, pp. 105.

[11] Syed Imdad Hussain Kazmi, pp. 105.

On that day, neither man nor any sprite will be questioned about any offence of his [55:39]

Imam Mohemmed Baqir[sws] recited the above verse with 'Minkum' in front 'Ins wa Jaan'. A companion asked, the verse (which we read from Quran) is without 'Minkum', Imam[sws] replied, it was originally included but the first one who took it out from Quran was Ibn-e-Arvi (Usman la) because it was a proof against him and his associates (l.a). If the above verse is without 'Minkum' then Allah[swt]'s punishment of all human and Jin becomes void- as Allah[swt] would forgive everyone on the day of judgement and there would be no reward or punishment for anyone (which contradicts many Quranic verses where the reward of Heaven and punishment of Hell are promised by Allah[swt]).**[12]**

It is in Tafseer-e-Qummi, that Imam[sws] said this Verse is in favour of those (Shia), who love Amir-ul-Momaneen[sws] and hate Imam[sws]'s enemies, and believe in Allah[swt], abide by Allah[swt]'s permissible as Halal and non-permissible as Harram.[13]

Below is another example (from two different sources) where 'Al-Mohammed' has been omitted and most of Shia scholars interpret the 'Al-Imran' as Prophet Mohammed[saww] 's Ahlul Bait[sws] .

بحارالأنوار ١١ ٢٤ باب ١-

معنى النبوة و علة بعثة الأنبياء و بيان عددهم و أصنافهم و جمل أحوالهم و جوامع

٢- فس، [تفسير القمي] إِنَّ اللَّهَ اصْطَفىٰ الآية لفظ الآية عام و معناه خاص و إنما فضلهم على عالمي زمانهم و قال العالم ع نزل و آل إبراهيم و آل عمران و آل محمد على العالمين فأسقطوا آل محمد من الكتاب

بحارالأنوار ٢٣ ٢٢٧ باب ١٢-

أن من اصطفاه الله من عباده و أورثه كتابه هم الأئمة ع و أنهم آل إبراهيم و أ

